HAPPY GASTRIC

HAPPY GASTRIC
Instant Relief Formula

نکس وامیکا Nux Vomica

منہ کا ذائقہ ترش ، صبح اور کھانے کے بعد متلی ، کھانے سے زیادتی ، اپھارہ اور کلیجہ جلتا ہے ۔ ترش اور کڑوے ڈکار ، متلی اور قے ساتھ شدید اُبکائی ، ندیدوں جیسی بھوک بالخصوص بدہضمی کے دورے سے قبل ، معدہ کا مقام چھونے سے حساس ۔ پیٹ کے بالائی حصہ اپھارہ اور دباؤ جیسے پتھر رکھا ہو ۔ یہ حالت کھانے کے بعد کئی گھنٹے جاری رہتی ہے ۔ محرک اشیاء کی خواہش ، چکنائی والی چیزیں پسند کرتا ہے اور ہضم بھی کر لیتا ہے۔ تیز کافی پینے سے بدہضمی ، ڈکار بمشکل آتا ہے ۔ قے کرنا چاہتا ہے لیکن ہوتی نہیں ۔

Raphanus ریفنس

جگر اور تلی درد اور چبھن ، پیٹ میں شدید نفخ ، ہوا نہ تو ڈکار کی شکل میں خارج ہوتی ہے نہ مقعد کے راستے ۔ ابکائی ، قے، بھوک ختم ہو جاتی ہے ۔ پیٹ پھولا ہوا ، تنا ہوا ، سخت ، ڈھول جیسا ۔ ناف کےآس پاس اینٹھن ، پاخانہ پتلا جھاگ دار بکثرت ساتھ درد قولنج ۔

کاربو ویج Carbo Veg

اپھارہ کی وجہ سے پیٹ تنا ہوا ، بوجھل ، بھرا ہوا اور غنودگی ، درد ہوتا ہے ، لیٹنے سے تکلیف بڑھتی ہے ۔ کھانے اور پینے کے بعد ڈکار آتے ہیں ۔ ڈکار آنے سے وقتی سکون ملتا ہے ۔ ہضم کا فعل سست ہوتا ہے جس کے باعث کھانا پیٹ میں ہضم ہونے سے پہلے سڑ جاتا ہے ۔ کھٹے ، سڑے ہوئے ڈکار آتے ہیں ۔ رال بہتی ہے ۔ اپھارہ کی وجہ سے دمہ جیسا سانس آتا ہے ۔ صبح کے وقت متلی ، معدہ میں جلن ، پیٹ میں اپھارہ کے باعث سینے میں کھنچاؤ والا درد ، معدہ میں غشی جیسی کمزوری ۔ تکلیف کھانے کے آدھے گھنٹہ بعد آتی ہے۔

لائیکو پوڈیم Lyco Podium

ہضم کی خرابی ، بھوک کی زیادتی اور اپھارہ ، روٹی سے نفرت ، میٹھی اشیاء کی خواہش ، غذا کا ذائقہ ترش محسوس ہوتا ہے ۔ ترش ڈکار آتے ہیں ۔ قوت ہاضمہ کی زبردست کمزوری ۔ کھانے کے بعد معدہ میں دباؤ اور منہ کا ذائقہ کڑوا ہو جاتا ہے۔ چند لقمے کھانے سے ہی پیٹ بھر جاتا ہے ۔ جگر ذکی الحس ، جگر کا ورم ، درد پیٹ کے زیریں حصہ میں دائیں سے بائیں چلتا ہے۔

ایسافوٹیڈا Asafotida

باؤ گولہ ، گلے میں گولہ اٹھتا ہے ۔ ڈکار لینے میں دقت محسوس ہوتی ہے ۔ ہسٹیریائی اپھارہ ، زبردست اپھارہ ، محسوس ہو کے معدہ خالی ہے۔ کمزوری کا احساس ۔ اپھارہ اور دھڑکن کا احساس معدہ اور پیٹ میں ۔ پیٹ میں شدید درد ۔ معدہ میں ہوا کی گڑگڑاہٹ ہوتی ہے ۔ ہوا گھومتی ہے اور آخر کار مشکل سے اونچی آواز میں ڈکار کی صورت خارج ہو جاتی ہے ۔

روبینیا Robinia

معدہ میں تیزابیت بڑھ جانے میں مفید ہے۔ نشاستہ والی اشیاء ہضم نہیں ہوتیں ۔ شدید خراشدار ڈکار ، قولنج اور اپھارہ ، رات کو معدہ میں جلن دار درد ہوتا ہے۔ بچوں کی تیزابیت ، پاخانہ اور پسینہ ترش ، ہوا خارج نہیں ہوتی۔ معدہ کی علامات کے ساتھ تیزابیت کی موجودگی رہنماء علامت ہے۔

ریوم Rheum

معدہ میں تپکن ، بھراؤ کا احساس ، ناف کے گرد درد قولنج ، ہوا سینے کی طرف چڑھتی ہے ۔ بچوں میں دانت نکالنے کے دنوں میں ترش اسہال ۔ بچے کے جسم سے کھٹی بو آتی ہے۔

ارجنٹم نائٹریکم Argentum Nit

بہت سی ہضم کی تکالیف کے ساتھ ڈکار آتے ہیں ۔ متلی اُبکائی اور قے ، اپھارہ اور معدہ کی پردرد سوجن۔معدہ میں کسی ایک مقام پر درد ہو اور چاروں طرف پھیل جاتا ہے ۔ڈکار لینے کی ناکام کوشش ، میٹھی اشیاء کی زبردست خواہش ۔ معدہ کا زخم جس کا درد اطراف میں پھیلتا ہے۔

TALB E DUA Ź NAVEED REHMAN
03325863430 what's up